پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئ-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

16 **مئی** 2018

آر بی آئی نے ''یونائیٹیڈ کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، بگنان اسٹیشن روڈ (اتر)، پوسٹ آفس بگنان، ضلع ہاوڑہ، مغربی بنگال پر جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے 19 اپریل 2018 کو ''یونائیٹڈ کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، بگنان پر 5 لاکھ روپیہ (Rs.5,00,000/-) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(I)(a)(C) جس کو سیکشن 46(2)(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) اس بینک کے ذریعہ مندرجہ ذیل ہدایات کی خلاف ورزیاں کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

(ا) ریزرو بینک کے ماسٹر سرکلر میں دیئے ہوئے کام کرنے سے متعلق (آپریشن) ہدایات، برانچ اتھرائزیشن پالیسی، توسیعی کاؤنٹرس کو کھولنا/ اپ گریڈ کرنا، اے ٹی ایم س کو اپ گریڈ کرنا، دوسری جگہ شفٹ کرنا، یکم جولائی 2015 کو اپنی بینک بند رکھنا وغیرہ اور

(ب) بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35(2)

ریزرو بینک نے اس بینک کے 31 مئی 2016 کو کیۓ گیۓ انسپکشن کے دوران پائی جانے والی کمیوں کی بنیاد پر اس کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور ریجنل ڈائریکٹر آر بی آئی کولکاتہ کی صدارت میں تشکیل کمیٹی (سینئر آفیسر کی شمولیت) کے سامنے حاضر ہو کر وضاحت کی تھی۔ معاملہ کی نوعیت اور بینک کے ذریعہ داخل جواب و ذاتی وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیوں سے متعلق الزامات صحیح تھے اور اس بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا۔

پریس ریلیز 3013/2017-2018

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر